5392 ـ انشورنس کراتے وقت گاڑی کی حقیقی قیمت چھپانا

سوال

میں ایسے ملك میں بستا ہوں جہاں گاڑی چلانے والے پر انشورنس کرانی لازم ہے، تو کیا میرے لیے گاڑی کی اصلی قیمت کے علاوہ کم قیمت لکھنا جائز ہے، تا کہ مجھ سے جبرا لی جانے والی انشورنس کی رقم میں کمی ہو سکے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فضیلۃ الشیخ علامہ محمد صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے ساتھ مناقشہ اور بحث کے بعد ہم نے مندرجہ ذیل کلام نکالی:

سوال کا مفہوم یہ ہے کہ انشورنس گاڑی کی قیمت کے مطابق ہوتی ہے، یعنی انشورنس کے معاہدے کے وقت جو قیمت ہو، جو کچھ یہ شخص کر رہا ہے وہ جھوٹ کی ایك قسم ہے، لیکن یہ ظلم جو حرام انشورنس کی شکل میں ہے اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ہے، لہذا اگر تو اس میں اسے کوئی ضرر اور نقصان نہیں اور نہ ہی مسلمانوں کی شہرت کو نقصان ہے تو پھر مجبورا ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں.

واللہ اعلم .